ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(566)

مورخہ 24.10.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 08 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ، منشیات وشراب برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے ملزمہ نور بی بی عرف پٹھانی مائی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 01 کلو 320 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ چنی گوٹھ اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان اللہ وسایا اور محمد ساجد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 60 لیٹر شراب برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ عباس نگر، تھانہ مسافر خانہ، تھانہ چنی گوٹھ اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 05 ملزمان ندیم، علی حیدر، شاہد، یونس اور علی رضا کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں منشیات واسلحہ ناجائز سمیت گرفتار ملزمان



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، بہاولپور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار،

بھاری مقدار میں منشیات برآمد



بہاولپور: تھانہ اوچشریف کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، جبکہ دوسری جانب فرار ہونے
والے ملزمان کی ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل جائے وقوعہ پر موجود




بہاولپور: ڈسٹرکٹ بار کے وکلاء و قائدین اتحاد تنظیمات اہلسنت کے وفود کی پرامن محرم الحرام اور منشیات فروشوں کے خلاف
کامیاب کارروائیوں کے حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس سے ملاقات، پھولوں کے گلدستے پیش کئے